موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

22 سے 24 دسمبر 2025

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 18 سے 23 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 8 سے 13 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

گندم

پہلی آبپاشی بروقت کریں تاکہ شگوفے نکلنے کے دوران پانی کی کمی نہ ہو۔ گندم کو پہلا پانی 20 سے 22 دن بعد ضرور دیں اور پہلے پانی کے ساتھ ایک تہائی نائٹروجنی کھاد دیں۔ مزید براں 2 سے 3 کلوگرام زنک فی ایکڑ پہلے پانی کے ساتھ دینے سے شگوفہ سازی بہتر ہو جاتی ہے تاہم فاسفورسی کھادوں کے ساتھ زنک کی کھاد ملا کر استعمال نہ کریں۔ اگر بوقت بجائی فاسفورسی اور پوٹاش والی کھاد نہیں ڈالی تو فاسفورسی اور پوٹاش حل پزیر کھادیں پہلے پانی کے ساتھ فلڈ کریں۔ پہلی آبپاشی کے بعد محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے جڑی بوٹیوں کی تلفی کریں۔ جڑی بوٹی مار ادویات کے سپرے کے لئے اچھی کوالٹی کی مخصوص نوزل کا استعمال کریں اور سپرے صاف موسم میں کریں۔ سپرے کرتے ہوئے حفاظتی اقدامات کے طور پر دستانے، ماسک اور حفاظتی لباس کا استعمال کریں۔ ریتلے اور شور زدہ رقبہ میں دوسرا پانی 50 سے 55 دن بعد لگائیں اور نائٹروجنی کھاد کی ایک قسط دیں۔

کماد

کماد کی کٹائی اقسام اور فصل کے پکنے کو مد نظر رکھ کر کریں۔ گنا زمین کی سطح سے آدھا تا ایک انچ گہرا کاٹیں۔ پہلے ستمبر کاشتہ فصل پھر مونڈی فصل اور اگیتی، درمیانی اور پچھیتی اقسام کی کٹائی کریں۔

آم

مزید آبپاشی نہ کریں تاکہ پودے اپنی حالت خوابیدگی کے دوران اپنے آپ کو پھولوں کے لئے تیار کر سکیں۔ پودے میں کانٹ چھانٹ کا عمل مکمل ہو چکا تاہم پودے کے اندر روشنی کی ترسیل کو ممکن بنانے کے لئے ضروری کانٹ چھانٹ کا عمل جاری رکھیں۔ وہ پودے جہاں اکتوبر میں نئی گروتھ ہوئی ہو ان پر 2 فیصد حل پذیر پوٹاش کے محلول کا سپرے کریں تاکہ نئی شاخیں پھل کے لئے تیار ہو سکیں۔ باغ میں چھوٹے پودوں کو سردی سے بچانے کے لئے مناسب بندوبست کریں۔ اس سلسلے میں چھوٹے پودوں کو ڈھانپ دیں یا مناسب کیمیکل کا سپرے کریں۔ باغ میں ہاپر کے تدارک کے لئے پودے کے تنے اور ٹہنوں پر سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر ٹرینچ بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔